اپنی رائے دیں! رضامندی کے متعلق تعلیم پر والدین اور نگرانوں کا سروے - اس وقت جاری ہے

رضامندی کا مطلب کسی چیز کے ہونے کے لیے ہاں کہنا ہے یا اپنی مرضی سے، کسی خوف، جبر یا دباؤ کے بغیر کسی کام کے لیے اتفاق کرنا ہے۔

سٹیٹ بھر میں ماضی اور حال کے طالبعلم رضامندی کے متعلق بہتر تعلیم کے لیے آواز اٹھا رہے ہیں۔

Sydney کی سابقہ طالبہ Chanel Contos کی طرف سے حال ہی میں ایک پیٹیشن کے نتیجے میں ہزاروں نوجوان لوگ وہ واقعات بتانے لگے ہیں جب انہوں نے نوجوانوں میں جنسی آزار دہی، بدسلوکی اور تشدّد ہوتے دیکھا یا یہ خود ان کے ساتھ ہوا۔ اس کے نتیجے میں طالبعلموں کو رضامندی کے متعلق زیادہ جلد اور بہتر تعلیم دینے کا تقاضا زور پکڑ گیا۔

NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن (Department) نے رضامندی کے متعلق تعلیم کو بہتر بنانے کے لیے والدین کے ساتھ مل کر کام کرنے کا عزم کیا ہے۔

ہم آپ کے خیالات جاننا چاہیں گے۔ براہ مہربانی مندرجہ ذیل مختصر، اور ناموں کے بغیر، والدین کا سروے مکمل کر کے ہمیں اپنے خیالات بتائیں: Consent education survey link

یہ سروے انگلش اور دوسری 10 زبانوں میں دستیاب ہے اور اسے مکمل کرنے میں 10 منٹ سے کم وقت لگے گا۔ اس سے Department کو یہ سمجھنے میں مدد ملے گی کہ والدین اور نگران آج سکولوں میں رضامندی کے متعلق تعلیم کے بارے میں کیا جانتے ہیں اور انہیں گھر میں اپنے بچوں اور کم عمر لوگوں کے ساتھ رضامندی کے بارے میں بات کرنے کے لیے کن قسموں کے وسائل سے مدد ملے گی۔

مجموعی نتائج NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کی اس ویب سائیٹ پر اس سال میں آگے چل کر شائع کیے جائیں گے: Consent education website

Department کی خواہش ہے کہ NSW کے پبلک سکولوں میں تمام کمیونٹیوں سے تعلق رکھنے والے طالبعلموں کے والدین اور نگران اپنے جوابات دیں۔ مل کر، ہم اپنے بچوں اور نوجوانوں کو صحتمند تعلقات بنانے میں مدد دے سکتے ہیں۔

ابھی سروے مکمل کر کے اپنی رائے دیں۔ Consent education survey پر جائیں۔